منگل 06 فروری 2018
Tuesday 06 February 2018

مسلم خواتین کو بھی سائنسی علوم میں آگے آنے کی ضرورت: نجمہ ہبت اللہ

جامعہ میں چار روزہ ورکشاپ کا انعقاد، امریکہ کے ماہرین طالبات کو دے رہے ہیں تربیت، جموں کشمیر کی طالبات بھی شریک

نئی دہلی، 5 فروری: (پریس ریلیز) خواتین کو سائنسی اور سماجی علوم کے تئیں بیدار کرنے کے لئے ایک چار روزہ ورکشاپ کا انعقاد امریکہ کے اوہیو اسٹیٹ یونیورسٹی کی جانب سے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سی آئی ٹی کانفرنس ہال میں منعقد کیا گیا ہے۔ اس ورکشاپ میں جموں کشمیر کی تقریباً 25 طالبات شریک ہیں۔ اس ورکشاپ کا مقصد مسلم خواتین کو سائنسی علوم کے تئیں خود مختار بنانا اور اس میدان میں ان کی ہمت افزائی کرنا ہے۔ ورکشاپ کے افتتاحی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے منتظم پروگرام اور چانسلر جامعہ ملیہ اسلامیہ نجمہ ہبت اللہ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم ہماری زندگی کی بنیادی ضرورتوں میں سے ہے جس میں سائنس کو اہم درجہ حاصل ہے۔ سائنس کا مقصد غور و فکر کے علاوہ انسانی زندگی کو آسانی فراہم کرنا ہے۔ انھوں نے قدرتی وسائل کی حفاظت اور اس کے تئیں بیدار ہونے کی ترغیب دیتے ہوئے کہا کہ سائنس کو ہمیں امن و سکون کا گہوارہ بنانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ وائس چانسلر جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر طلعت احمد نے کہا درختوں کی کانٹ چھانٹ سے ہمیں اجتناب کرنی چاہئے،

سائنس کے بارے میں مختلف قسم کے مفروضات ہیں، ضرورت ہے کہ ہم چیزوں کو اچھی طرح سے جانیں اور اس کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور یہ چیزیں ہمیں سائنسی علوم کے ادراک سے ہی حاصل ہو سکتی ہیں۔ پروگرام ڈائریکٹر کی پروفیسر سلطانہ بانو نے کہا کہ اس کا مقصد خواتین کے بالمین سائنسی اور سماجی علوم کے تئیں بیداری پیدا کرنا ہے۔ اس ورکشاپ کے ذریعہ طالبات کو بتایا جائے گا کہ وہ دنیا کی مایہ ناز خواتین سائنسداں امریکہ میں کیسے تعلیم حاصل کر سکتی ہیں، اس کے کیا ذرائع اور وسائل ہوں گے۔ انھوں نے بتایا کہ اس کے ذریعہ ہم خواتین خصوصاً اقلیتی طبقہ کی طالبات کے شخصیت کی ارتقاء اور تعلیم کے میدان میں ان کی ہمت افزائی کرنا ہے۔ ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس میں ڈاکٹر کرن اوبگ اور ڈاکٹر اجل پردھان بھی شریک تھے جن کا تعلق اوہیو اسٹیٹ یونیورسٹی سے ہے۔ دونوں نے اپنے تاثرات میں سائنسی اور سماجی علوم کے تئیں خواتین کو خود مختار ہونے کی بات کرتے ہوئے کہا کہ سائنس اس وقت ایک عالمگیر موضوع ہے جسے نظر انداز کرنا نادانی ہے۔ اس موقع پر بین الاقوامی تعلقات جامعہ کے کوآرڈی نیٹر سمیت پروفیسر ماماں رحمان صدیقی، رجسٹرار جامعہ ملیہ اسلامیہ پی صدیقی، ڈی ائریکٹر ایف ٹی کے سی آئی ٹی پروفیسر دوجا، چیف پراکٹر پروفیسر ہارون خواجہ، ڈی ایس ڈبلیو پروفیسر نوید اقبال وغیرہ موجود تھے۔